20225-کیا عورتیں بھی اذان اوراقامت کہینگی ؟

سوال

برائے مہربانی آپ یہ بتائیں آیا عورتوں کے لیے نماز سے قبل اذان اوراقامت فرض ہے یا واجب، چاہے نماز انفرادی ہو یا باجماعت ؟

پسندیدہ جواب

مستقل فتوی کمیٹی سے سوال دریافت کیا گيا :

عورت اگر عورتوں کی جماعت کرائے توکیا اس کے لیے اقامت مشروع ہے ؟

کمیٹی کا جواب تھا :

عورتوں کے اقامت کہنا مشروع نہیں، چاہے وہ انفرادی نماز ادا کریں یا پھر کوئی عورت انہیں جماعت کرائے، اوراسی طرح ان کے لیے اذان کہنا بھی مشروع نہیں.

دیکھیں : فتاوی اللجنۃ الدائمۃ والبحوث العلمیۃ والافتاء (84/6).

شیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی سے درج ذیل سوال کیا گيا :

کیا عورت کے لیے نماز میں اذان اوراقامت کہنی جائز ہے یا نہیں ؟

شیخ رحمہ اللہ تعالی کا جواب تھا :

عورت کے لیے نماز میں اذان اوراقامت کہنا مشروع نہیں، بلکہ یہ مردوں کا کام ہے، لیکن عورتوں کے لیے نہ تواذان کہنا مشروع ہے، اور نہ ہی اقامت، بلکہ وہ بغیر اذان اوراقامت کے نماز ادا کرینگی.

دیکھیں : مجموع فتاوی ومقالات متنوعۃ شیخ ابن باز (356/10).

واللہ اعلم .